رول نمبر: _____	**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ** **کنزالمدارس بورڈ پاکستان**	KANZUL MADARIS BOARD
	درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **العقیدۃ**	
	تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**	
دستخط طالب علم: _____	مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____	

حصہ اول: معروضی
کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: قاعدہ ثالثہ میں بیان ہے۔

(الف) اخبار ملائکہ کا (ب) الٰہیات کا (ج) دار آخرت کا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: کتنا تعجب ہے انسان کا مختلف درجات سے گزر کر ایک بے وقعت ۔۔۔ سے پیدا ہونا۔

(الف) آگ (ب) مٹی (ج) پانی (د) جسم

سوال نمبر 3: "ماالدلیل علی ان الصنائع تفتقر الی صانع ولا تصنع ھی انفسھا" کا جواب ۔۔۔ وجہ پر ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 4: عاقل قادر نہیں ہے۔

(الف) لکھنے پر (ب) پڑھنے پر (ج) آدمی کو پانی سے پیدا کرنے پر (د) بولنے پر

سوال نمبر 5: وجود باری تعالیٰ پر دلائل کے اعتبار سے مسلک ثانی کا تعلق ہے۔

(الف) اخبار انبیاء سے استدلال (ب) اخبار صحابہ سے استدلال (ج) احادیث سے استدلال (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: فطرۃ سلیمہ اللہ تعالیٰ کے وجود پر شاہد ہے، یہ مسلک ہے۔

(الف) مسلک اول (ب) مسلک ثانی (ج) مسلک ثالث (د) مسلک رابع

سوال نمبر 7: فعل واحد صادر نہیں ہوتا۔

(الف) فاعل سے (ب) فاعلین سے (ج) فاعلۃ سے (د) فاعلون سے

سوال نمبر 8: حرکت وسکون نہیں ہوتی۔

(الف) جدا (ب) جمع (ج) موجود (د) لا موجود

سوال نمبر 9: حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کے معجزات ۔۔۔ پر دلالت کرتے ہیں۔

(الف) دین (ب) اسلام (ج) توحید (د) نبوت ورسالت

سوال نمبر 10: "لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ثالث ثلثۃ" یہ آیت نفی کرتی ہے۔

(الف) غیر خدا کی (ب) غیر رسول کی (ج) عقیدہ تثلیث کی (د) غیر ایمان کی

سوال نمبر 11: ۔۔۔ وجوہ سے اللہ کا مسیح ابن مریم ہونا باطل ہے۔

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

سوال نمبر 12: عیسیٰ علیہ السلام کا عبداللہ ہونا موجود ہے۔

(الف) تورات میں (ب) زبور میں (ج) انجیل میں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 13: بت پرستوں کے دین کے بطلان میں دی گئی "وجوہ" کی تعداد ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر14: علم اللہ تعالیٰ کی صفات ۔۔۔ میں سے ہے۔

(الف) فعلیہ (ب) ذاتیہ (ج) قدیمیہ (د) ب اور ج

سوال نمبر15: "ابداع" کا معنی ۔۔۔ ہے۔

(الف) بدعتی کہنا (ب) جدت پسندی (ج) عدم سے وجود میں لانا (د) ضرورت پوری ہونا

سوال نمبر16: ترزیق اللہ تعالیٰ کی صفات ۔۔۔ میں سے ہے۔

(الف) فعلیہ (ب) ازلیہ (ج) حقیقیہ (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر17: قرآن قلوب میں ۔۔۔ ہے۔

(الف) منقوش (ب) محفوظ (ج) منقول (د) مقروء

سوال نمبر18: اللہ کا غضب اور اس کی رضا اس کی صفات ۔۔۔ میں سے ہے۔

(الف) فعلیہ (ب) ذاتیہ (ج) بلا کیف (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: اشیاء کی تخلیق سے پہلے انہیں ۔۔۔ جانتا ہے/جانتے ہیں۔

(الف) حضرت آدم (علیہ السلام) (ب) حضرت محمد (ﷺ) (ج) اللہ تعالیٰ (د) فرشتے

سوال نمبر20: بندوں کا کفر ۔۔۔ کے سبب ہوتا ہے۔

(الف) اپنے فعل (ب) کسی دوسرے کے فعل (ج) اللہ کی مشیئت (د) فرشتوں کی مشیئت

سوال نمبر21: "**جحودہ الحق بخذلان اللہ تعالیٰ ایاہ**" میں "خذلان" کا معنی ۔۔۔ ہے۔

(الف) بچھڑ جانا (ب) بغیر توفیق و مدد کے چھوڑنا (ج) بے نقاب (د) پسپا ہونا

سوال نمبر22: اللہ پاک کی صفت سمع کا تعلق صفات ۔۔۔ سے ہے۔

(الف) صفات ذاتی (ب) صفات فعلیہ (ج) صفت ازلیہ (د) الف اور ج

سوال نمبر23: اللہ تعالیٰ کا فعل ۔۔۔ ہے۔

(الف) حادث (ب) مخلوق (ج) غیر مخلوق (د) ممکن

سوال نمبر24: اصول توحید کہ جن پر اعتقاد صحیح ہے ۔۔۔ ہیں۔

(الف) 5 (ب) 7 (ج) 9 (د) 10

سوال نمبر25: تخلیق وانشاء وغیرہ اللہ تعالیٰ کی صفات ۔۔۔ میں سے ہیں۔

(الف) فعلیہ (ب) سلبیہ (ج) معانیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں